آسان نکاح اور سادہ شادی کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے مؤرخہ 19 اکتوبر جمعۃ المبارک 2012ء کو ایک نکاح مجلس مسجد شریف جدید حضرت باباداؤ دخا کی رحمۃ اللہ علیہ کولی پورہ خانیار میں منعقد کی گئی۔ یہ مجلس نماز عصر کے بعد منعقد کی گئی۔ مجلس میں ہمسفر کے سربراہ محترم فیاض احمد زرو صاحب نے اپنے مختصر بیان میں فرمایا کہ آج کی اِس نکاح مجلس ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہوگئی ہیں۔ پہلی مبارک بادی یہ کہ اس شادی میں لڑکے والوں اور لڑکی والوں پر کم سے کم بوجھ پڑا ہے، جو شادی ہلکی اور کم بوجھ والی ہوتی ہے، وہ مبارک ہوتی ہے۔ دوسری مبارک بادی یہ کہ اس شادی کا نکاح مسجد شریف میں پڑھا جارہا ہے، تیسری مبارک بادی یہ کہ نکاح جمعۃ المبارک کے دن پڑھا جارہا ہے، اور چوتھی مبارک بادی یہ کہ یہ نکاح نماز عصر کے بعد پڑھا جارہا ہے۔ کیوں کہ یہ سارے کام شریعت میں مستحب یعنی پسندیدہ ہیں۔ اور شریعت میں مستحب کام مسلمانوں کے لئے مبارک ہوتے ہیں۔ اس کے بعد مجلس میں حاضر اونتہ بھون حکیم محلہ صورہ سرینگر کے فیاض احمد بٹ ولد غلام احمد بٹ کا نکاح عقلمیر کاؤ محلہ خانیار کی محترمہ اُلفت جان صاحبہ دختر غلام نبی چکن مرحوم کے ساتھ ہمسفر کے سربراہ فیاض احمد زرو نے پڑھادیا۔ دولہا نے پورا مہر نکاح مجلس میں نقد ادا کردیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کے گئے، اور خاطر تواضع قہوہ سے کی گئی۔ اس نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ محمد رمضان بٹ، سرتاج احمد چکن، معراج الدین بٹ اور فردوس احمد بٹ نے بھی شرکت کی۔ اس کے بعد مسجد سے نکل کر دولہا پانچ افراد ہمراہ لے کر دولہن کے گھر گیا۔ وہاں دودھ پی کر دولہن کو اپنے ساتھ گھر لایا۔ علاقہ کے لوگوں نے اس سادہ شادی کی سراہنا کی۔ بُری رسومات، فضول خرچی، دِکھاوا، ناچ ونغمہ، آتش بازی اور ناجائز لین دین سے پاک وصاف شادی انجام دینے پر ہمسفر کے چیرمین نے دونوں خاندانوں کو مبارک باد پیش کی ہے۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد) ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

(Srinagar Times
21/oct/2012)

# KASHMIR UZMA 22 OCTOBER 2012

# کیا واقعی میں ایک خوش نصیب دولہن ہوں!

## کیوں کہ میری شادی میں ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہوگئیں

آج میری شادی کا دن ہے۔صبح سے ہی میری ہمشیرہ، سہیلیاں اور میری رشتہ دار لڑکیاں مجھے دولہن بنانے اور دولہا کے ساتھ رخصت کرنے کی تیاریاں کررہی ہیں۔میرے والدین چند سال پہلے اس دنیا سے انتقال کرگئے ہیں۔میرے بھائی جان اور میری بہنوں نے میرا نکاح کرنے اور میری شادی انجام دینے کی فکر کی۔انہوں نے ہی میری رجسٹریشن ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے دفتر میں کرادی۔

میرے نکاح کی مجلس ہمارے محلے کی مسجد شریف میں نماز عصر کے بعد مقرر تھی۔مجھے اور میرے بھائی بہنوں کو اس بات پر اتنی خوشی نہیں تھی کہ میری شادی کا دن آگیا ہے، بلکہ ہم سب کو سب سے زیادہ خوشی اس بات پر تھی کہ یہ نکاح اور شادی ہمسفر میریج کونسلنگ سیل جیسے مقدس، بابرکت اور عظمت والے ادارہ کی وساطت سے ہورہی ہے۔اور اس سے بھی بڑھ کر خوشی اس بات پر تھی کہ یہ نکاح وادی کشمیر کے ایک ایسے عالم دین پڑھانے کے لئے آرہے ہیں جنہوں نے شادیوں کو اعتدال پر لانے کے لئے کشمیر میں عظیم الشان اور مثالی کام انجام دیا ہے۔اور جن کی باتوں میں اور جن کی ریڈیو آواز میں اللہ تعالیٰ نے وہ اثر عطا کیا ہے جس سے کشمیر کے لاکھوں گھرانوں کو فائدہ پہنچ گیا ہے، اور جن کے اصلاحی کام سے لڑکی والوں کو کئی ظالمانہ رسومات انجام دینے سے نجات مل گئی۔ان کا نام گرامی ہے محترم المقام واجب الاحترام جناب فیاض احمد زرو صاحب۔

یہ جمعہ کا دن تھا۔نماز عصر ہوگئی۔میرے بھائی جان نے مجھے فون پر بتایا کہ مولانا صاحب (یعنی محترم فیاض صاحب) آگئے ہیں۔وہ گھر پر آرہے ہیں۔میرے دل کی دھڑکن تیز ہونے لگی، آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہنے لگے۔اسی دوران میرے بھائی جان کے ساتھ وہ ہمارے گھر میں تشریف فرما گئے۔مجھے اندر بلایا گیا۔میرے ساتھ میری بہن، میری بھائی اور میرے بہنوئی کمرے میں بیٹھ گئے۔میں پھرن پہن کر پردہ میں تھی۔سب سے پہلے انہوں نے مجھے ایمان مجمل اور ایمان مفصل کے کلمے پڑھادئے، پھر ان کا کشمیری میں ترجمہ پڑھادیا۔پھر کلمہ شہادت، کلمہ توحید اور رضینا باللہ تعالیٰ ربا پڑھادیا۔اس کے بعد انہوں نے میرے ساتھ بیٹھے میرے محرم رشتہ داروں کو نکاح میں وکیل بننے اور نکاح میں گواہی دینے کا شرعی طریقہ سکھلادیا۔اس کے بعد ان کو ایک لڑکی سے نکاح کرنے کی رضامندی اور اجازت حاصل کرنے کا طریقہ بھی سکھلادیا۔محترم فیاض صاحب کے ساتھ چار سال کی ایک بہت ہی پیاری بچی سکارف پہنی ہوئی آئی تھی۔معلوم ہوا کہ وہ ان کی اپنی بچی ہے، بچی کا نام محترمہ سہلہ جان صاحبہ ہے۔

میرے بھائی جان نے انہیں کمرے میں چائے لانے کی اجازت طلب کی۔انہوں نے کہا کہ دولہا اور کئی لوگ مسجد شریف میں ہمارا انتظار کررہے ہیں۔اس لئے چائے پینے سے معذرت فرمائی۔وہ سلام کرکے نکلنے لگے، ہم نے ایک نظر ان کو طرف سے دیکھا، وہ برف جیسی سفید رنگ کا شرعی لباس اور کالے رنگ کی صدری پہنے ہوئے تھے۔سر پر سفید رنگ کی گول ٹوپی تھی۔مسنون طریقہ پر ڈاڑھی مبارک کالے رنگ کی تھی۔ہاتھ میں قلم تھا۔میری ایک سہیلی کے منہ سے نکلا۔یہ تو شہزادہ ہے مگر کتنا سادہ ہے، میں نے جواب دیا۔سادگی تو ایمان کی ایک علامت ہے۔اس نے کہا بیشک۔

نکاح ہونے کے بعد مجھے اپنے دولہا کے سسرال رخصت کردیا گیا۔رات کو میں نے ایک خواب دیکھا۔جس میں ایک خوبصورت انسان نے مجھ سے مخاطب ہوکر کہا: تم خوش نصیب دولہن ہو۔تمہارا نکاح سنت کے مطابق ہوا۔کوئی غیر شرعی کام نہیں ہوا۔تمہارا نکاح مسجد شریف میں ہوا۔جمعہ کے دن ہوا۔نماز عصر کے بعد ہوا۔کلمہ شریف پڑھ کر ہوا۔ایک نیک صالح مرد فیاض احمد زرو صاحب نے پڑھادیا۔ہمسفر جیسے دینی ادارہ کی وساطت سے ہوا۔اس طرح سے تمہاری شادی کے اندر ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہوگئیں۔تم بڑی خوش نصیب دولہن ہو۔میں نے شکر پڑھا۔خدائے پاک ان مبارک بادیوں کی قدر کرنے کی مجھے توفیق عطا فرمائے۔

(Kashmir Uzma
22/oct/2012)

**Aneesa Jan** ۔خانیار سرینگر۔ انیسہ جان

**SRINAGAR TIMES 22 OCTOBER 2012**

# کیا واقعی میں ایک خوش نصیب دلہن ہوں!

## کیوں کہ میری شادی میں ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہو گئیں

آج میری شادی کا دن ہے۔ صبح سے ہی میری ہمشیرہ، سہیلیاں اور میری رشتہ دار لڑکیاں مجھے دولہن بنانے اور دولہا کے ساتھ رخصت کرنے کی تیاریاں کر رہی ہیں۔ میرے والدین چند سال پہلے اس دنیا سے انتقال کر گئے ہیں۔ میرے بھائی جان اور میری بہنوں نے میرا نکاح کرنے اور میری شادی انجام دینے کی فکر کی۔ انہوں نے ہی میری رجسٹریشن ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے دفتر میں کرادی۔ میرے نکاح کی مجلس ہمارے محلے کی مسجد شریف میں نماز عصر کے بعد مقرر تھی۔ مجھے اور میرے بھائی بہنوں کو صرف اس بات پر خوشی نہیں تھی کہ میری شادی کا دن آ گیا ہے، بلکہ ہم سب کو سب سے زیادہ خوشی اس بات پر تھی کہ یہ نکاح اور شادی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل جیسے مقدس، بابرکت اور عظمت والے ادارہ کی وساطت سے ہو رہی ہے۔ اور اس سے بھی بڑھ کر خوشی اس بات کی تھی کہ یہ نکاح وادی کشمیر کے ایک ایسے عالم دین محترم فیاض احمد زرو صاحب پڑھانے کے لئے آ رہے ہیں جنہوں نے شادیوں کو اعتدال پر لانے کے لئے کشمیر میں عظیم الشان اور مثالی کام انجام دیا ہے۔ اور جن کی باتوں میں اور جن کی ریڈیو آواز میں اللہ تعالیٰ نے وہ اثر عطا کیا ہے جس سے کشمیر کے لاکھوں گھرانوں کو فائدہ پہنچ گیا ہے، اور جن کے اصلاحی کام سے لڑکی والوں کو کئی رسومات بد انجام دینے سے نجات مل گئی۔ جمعہ کا دن تھا۔ نماز عصر ہو گئی تھی۔ میرے بھائی جان نے مجھے فون پر بتایا کہ مولانا فیاض صاحب گھر پر آ رہے ہیں۔ میری آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہنے لگے۔ چنانچہ مولانا صاحب میرے بھائی جان کے ساتھ ہمارے گھر میں تشریف لائے۔ مجھے کمرے میں اپنے بہن، بھائی اور بہنوئی کے ساتھ بٹھایا گیا۔ میں پردہ میں تھی۔ سب سے پہلے انہوں نے مجھے ایمان مجمل اور ایمان مفصل کے کلمے پڑھادئے، پھر کشمیری ترجمہ پڑھادیا۔ پھر کلمہ شہادت، کلمہ توحید اور رضینا باللہ تعالیٰ ربا پڑھادیا۔ اس کے بعد انہوں نے میرے ساتھ بیٹھے میرے محرم رشتہ داروں کو نکاح میں وکیل بننے اور نکاح میں گواہی دینے کا شرعی طریقہ سکھلا دیا۔ اس کے بعد ان کو ایک لڑکی سے نکاح کرنے کی رضامندی اور اجازت حاصل کرنے کا طریقہ بھی سکھلا دیا۔ محترم فیاض صاحب کے ساتھ چار سال کی ایک بہت ہی پیاری بچی سکارف پہنی ہوئی آئی تھی۔ معلوم ہوا کہ وہ ان کی اپنی بچی محترمہ سہلہ جان ہے۔ وہ سلام کر کے نکلنے لگے، وہ سفید رنگ کا شرعی لباس اور کالے رنگ کی صدری پہنے ہوئے تھے۔ ڈاڑھی کالے رنگ کی تھی۔ ہاتھ میں قلم تھا۔ ان کے انداز سے اسلامی سادگی ٹپکتی تھی۔ نکاح ہونے کے بعد مجھے اپنے دولہا کے ساتھ رخصت کر دیا گیا۔ رات کو میں نے خواب دیکھا۔ کہ ایک خوبرو انسان نے مجھے کہا: تم خوش نصیب دولہن ہو۔ تمہارا نکاح سنت کے مطابق مسجد شریف جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد کلمہ شریف پڑھ کر ہوا اور نکاح ایک نیک صالح عالم فیاض احمد زرو صاحب نے پڑھادیا۔ اس طرح سے تمہاری شادی کے اندر ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہو گئیں۔ میں نے شکر پڑھ کر دعا کی کہ خدائے پاک ان مبارک بادیوں کی قدر کرنے کی مجھے توفیق عطا فرمائے۔

**اَنیسہ جان۔ خانیار سرینگر۔ Aneesa Jan**

(Srinagar Times
22/oct/2012)

**AFTAB 22 OCTOBER 2012**

# کیا واقعی میں ایک خوش نصیب دولہن ہوں!

## کیوں کہ میری شادی میں ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہوگئیں

آج میری شادی کا دن ہے۔ صبح سے ہی میری ہمشیرہ، سہیلیاں اور میری رشتہ دار لڑکیاں مجھے دولہن بنانے اور دولہا کے ساتھ رخصت کرنے کی تیاریاں کررہی ہیں۔ میرے والدین چند سال پہلے اس دنیا سے انتقال کر گئے ہیں۔ میرے بھائی جان اور میری بہنوں نے میرا نکاح کرنے اور میری شادی انجام دینے کی فکر کی۔ انہوں نے ہی میری رجسٹریشن ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے دفتر میں کرادی۔

میرے نکاح کی مجلس ہمارے محلے کی مسجد شریف میں نماز عصر کے بعد مقرر تھی۔ مجھے اور میرے بھائی بہنوں کو اس بات پر اتنی خوشی نہیں تھی کہ میری شادی کا دن آگیا ہے، بلکہ ہم سب کو سب سے زیادہ خوشی اس بات پر تھی کہ یہ نکاح اور شادی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل جیسے مقدس، بابرکت اور عظمت والے ادارہ کی وساطت سے ہورہی ہے۔ اور اس سے بھی بڑھ کر خوشی اس بات پر تھی کہ یہ نکاح وادی کشمیر کے ایک ایسے عالم دین پڑھانے کے لئے آرہے ہیں جنہوں نے شادیوں کو اعتدال پر لانے کے لئے کشمیر میں عظیم الشان اور مثالی کام انجام دیا ہے۔ اور جن کی باتوں میں اور جن کی ریڈیو آواز میں اللہ تعالیٰ نے وہ اثر عطا کیا ہے جس سے کشمیر کے لاکھوں گھرانوں کو فائدہ پہنچ گیا ہے، اور جن کے اصلاحی کام سے لڑکی والوں کو کئی ظالمانہ رسومات انجام دینے سے نجات مل گئی۔ ان کا نام گرامی ہے محترم المقام واجب الاحترام جناب فیاض احمد زرو صاحب۔

یہ جمعہ کا دن تھا۔ نماز عصر ہوگئی۔ میرے بھائی جان نے مجھے فون پر بتایا کہ مولانا صاحب (یعنی محترم فیاض صاحب) آگئے ہیں۔ وہ گھر پر آرہے ہیں۔ میرے دل کی دھڑکن تیز ہونے لگی، آنکھوں سے خوشی کے آنسو بہنے لگے۔ اسی دوران میرے بھائی جان کے ساتھ وہ ہمارے گھر میں تشریف فرما گئے۔ مجھے اندر بلایا گیا۔ میرے ساتھ میری بہن، میری بھائی اور میرے بہنوئی کمرے میں بیٹھ گئے۔ میں پھرن پہن کر پردہ میں تھی۔ سب سے پہلے انہوں نے مجھے ایمان مجمل اور ایمان مفصل کے کلمے پڑھادئے، پھر ان کا کشمیری میں ترجمہ پڑھادیا۔ پھر کلمہ شہادت، کلمہ توحید اور رضینا باللہ تعالیٰ ربا پڑھادیا۔ اس کے بعد انہوں نے میرے ساتھ بیٹھے میرے محرم رشتہ داروں کو نکاح میں وکیل بننے اور نکاح میں گواہی دینے کا شرعی طریقہ سکھلادیا۔ اس کے بعد ان کو ایک لڑکی سے نکاح کرنے کی رضامندی اور اجازت حاصل کرنے کا طریقہ بھی سکھلادیا۔ محترم فیاض صاحب کے ساتھ چار سال کی ایک بہت ہی پیاری بچی سکارف پہنی ہوئی آئی تھی۔ معلوم ہوا کہ وہ ان کی اپنی بچی ہے، بچی کا نام محترمہ سہلہ جان صاحبہ ہے۔

میرے بھائی جان نے انہیں کمرے میں چائے داخل کرنے کی اجازت طلب کی۔ انہوں نے کہا کہ دولہا اور کئی لوگ مسجد شریف میں ہمارا انتظار کررہے ہیں۔ اس لئے چائے پینے سے معذرت فرمائی۔ وہ سلام کرکے نکلنے لگے، ہم نے ایک نظر ان کو طرف سے دیکھا، وہ برف جیسی سفید رنگ کا شرعی لباس اور کالے رنگ کی صدری پہنے ہوئے تھے۔ سر پر سفید رنگ کی گول ٹوپی تھی۔ مسنون طریقہ پر ڈاڑھی مبارک کالے رنگ کی تھی۔ ہاتھ میں قلم تھا۔ میری ایک سہیلی کے منہ سے نکلا۔ یہ تو شہزادہ ہے مگر کتنا سادہ ہے، میں نے جواب دیا۔ سادگی تو ایمان کی ایک علامت ہے۔ اس نے کہا بیشک۔

نکاح ہونے کے بعد مجھے اپنے دولہا کے سسرال رخصت کردیا گیا۔ رات کو میں نے ایک خواب دیکھا۔ جس میں ایک خوبصورت انسان نے مجھ سے مخاطب ہوکر کہا: تم خوش نصیب دولہن ہو۔ تمہارا نکاح سنت کے مطابق ہوا۔ کوئی غیر شرعی کام نہیں ہوا۔ تمہارا نکاح مسجد شریف میں ہوا۔ جمعہ کے دن ہوا۔ نماز عصر کے بعد ہوا۔ کلمہ شریف پڑھ کر ہوا۔ ایک نیک صالح مرد فیاض احمد زرو صاحب نے پڑھادیا۔ ہمسفر جیسے دینی ادارہ کی وساطت سے ہوا۔ اس طرح سے تمہاری شادی کے اندر ایک سے زیادہ مبارک بادیاں جمع ہوگئیں۔ تم بڑی خوش نصیب دولہن ہو۔ میں نے شکر پڑھا۔ خدائے پاک ان مبارک بادیوں کی قدر کرنے کی مجھے توفیق عطا فرمائے۔

انیسہ جان۔ خانیار سرینگر۔ Aneesa Jan

Aftab (22/oct/2012)

**GREATER KASHMIR 22 OCTOBER 2012**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام کے ڈائریکٹر صاحب سے ایک ضروری گزارش

# 19، اکتوبر کے شمارہ کو دو تین بار پھر سے نشر کیا جائے

ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہمسفر پروگرام کا جو شمارہ 19، اکتوبر 2012ء کو صبح کے 8:30 بجے نشر ہوا۔ جس میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے میاں بیوی کی زندگی میں بیمار ہونے کی حالت میں پیش آنے والے حالات پر بہت ہی جامع، کافی مفید اور مؤثر بیان فرمایا۔ اس میں یہ بھی تھا کہ ایک بیمار کی تیمارداری، عیادت اور مزاج پرسی کا سلیقہ کیا ہونا چاہئے۔ اس میں محترم فیاض صاحب نے ایسی کچھ زبردست اصلاحی باتیں فرمائی، جن پر اگر آج کے دور میں عمل کیا جائے، تو ہسپتالوں اور نرسنگ ہوموں کی وہ مشکلات دور ہو جائیں گے جو وہاں اکثر عیادت کرنے کے لئے آنے والوں نے پیدا کر دئے ہیں۔ جن مشکلات کا سامنا ڈاکٹر صاحبان، نرسوں، صفائی کرنے والوں اور وارڈ کے اسٹاف کو ہر روز کرنا پڑتا ہے۔

اس لئے اس قسم کے پروگرام کو سماجی اصلاح کی اہمیت کے پیش نظر بار بار نشر کرنا ضروری ہے۔ ہم ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب سے گزارش کرتے ہیں۔ کہ وہ مذکورہ شمارہ کو دو تین بار صبح بھی اور شام کو بھی پھر سے نشر کریں۔ ہمیں امید ہے کہ ہماری اس گزارش کی قدر کی جائے گی۔

Greater Kashmir 22/oct/2012

شکریہ: ڈاکٹر عادل، ڈاکٹر ریاض اور ڈاکٹر شاذیہ SKIMS سرینگر۔

**GREATER KASHMIR 22 OCTOBER 2012**

# HUMSAFAR MARRIAGE COUNSELLING CELL

## KAK-SARAI, KARAN NAGAR, SRINAGAR

## EID -UL-AZHA HOLIDAY

On the eve of **Eid-ul-Azha**, the office of **Humsafar Marriage Counselling Cell** will remain closed from 25 October 2012, Thursday to 30 November 2012, Tuesday. The office will start routine work from 31 October 2012, Wednesday Insha-Allah

To perform Nikah of your Kiths and Kins according to Islamic Shariah in a simplest, and austere mode, contact Humsafar Marriage Counselling Cell, Kak-Sarai, Karan Nagar, Srinagar. Cell No. 9419439786.

Greater Kashmir
22/oct/2012

**Issued by**

**Advisor,**

**Humsafar Marriage Counselling Cell.**

**SRINAGAR TIMES 23 OCTOBER 2012**

# عیادت کا صحیح طریقہ اور سلیقہ مندی کی باتیں سمجھانے پر

## مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر قابل ستائش وصد ہا مرحبا

مورخہ ۲، ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ مطابق 19 ، اکتوبر بروز جمعۃ المبارک 2012 ء کو ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوا، جس میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں حضرت فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ازدواجی زندگی گذارنے کے دوران میاں بیوی میں سے کوئی بیمار پڑ جانے پر علاج و معالجہ، خدمت، تیمارداری اور مزاج پرسی کے متعلق اخلاقی تعلیمات اور سلیقہ مندی کی باتیں بیان فرمائی۔ وہ بہت ہی مفید، سبق آموز اور سماج میں بہترین تبدیلی لانے والی باتیں تھیں۔ عیادت یا تیمارداری کا ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ جو تکلیف یا غم میں مبتلا ہے، اس کو تسلی دی جائے اور اس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا جائے، تاکہ اس کا غم ہلکا ہو جائے، اس کے دل کو راحت اور سکون ملے۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اب ان عظیم اخلاقی تعلیمات کو بھی بُری رسومات سے ملوث کیا گیا۔ جس کی وجہ سے نہ صرف بیمار کو بلکہ اس کے گھر والوں، ڈاکٹر صاحبان اور ہسپتال کے پورے سٹاف کو اذیت اور تکلیف دی جاتی ہے۔ دل تنگ ہو جاتا ہے، بسا اوقات اذیت دینے والوں کے لئے دعائے خیر کے بجائے دل سے بددعا بھی نکلتی ہوگی۔ اگر بُری رسومات کے بغیر بیمار کی تیمارداری کرنے کا وہ طریقہ اور سلیقہ عمل میں لایا جائے، جو ہمسفر کے ریڈیو پروگرام کے ذریعے ہم تک پہنچ رہا ہے، تو کتنی سہولت ہوگی، اور کتنے لوگوں کو راحت ہوگی، اور پھر خود کو کتنا بڑا ثواب ملے گا، اور کتنے بڑے گناہ یعنی کسی کو ناحق اور بلاوجہ شرعی تکلیف اور ایذا پہنچانے سے محفوظ ہو جائیں گے۔ میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے متکلم جناب حضرت فیاض احمد زرو صاحب کو ازدواجی زندگی اور معاشرے کے حالات کو سدھارنے کے لئے اتنا مفید اور شاندار بیان فرمانے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مرحبا پیش کرتا ہوں۔ ساتھ ہی میں ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب، پروگرام کے میزبان جناب رشید نظامی صاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی میڈم ڈائریکٹر صاحبہ کا بہت ہی شکرگزار ہوں کہ وہ ہمارے لئے ایسا مفید پروگرام تیار کرتے ہیں۔ آخر پر میں پُر زور گزارش کرتا ہوں کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے ایسے بہت ہی زیادہ مفید شماروں کو بار بار نشر کیا جائے، تاکہ معاشرے میں زیادہ سے زیادہ سدھار آجائے۔ (عربی کا مقولہ ہے: اِذَا تَكَرَّ الكلامُ عَلَى السّمعِ تَقَرّ فِى القَلبِ: یعنی جب بات بار بار کان میں پڑتی ہے تو وہ دل میں جگہ کرتی ہے)۔

فجزاکم اللہ تعالیٰ خیرا


محمد عمران میر تلگامی پروردہ از: جامعہ دار العلوم سوپور کشمیر

موبائل فون نمبر 9469111002


Srinagar Times
23/oct/2012

# KASHMIR UZMA 23 OCTOBER 2012

(Kashmir Uzma)



## عیادت (تیمارداری) کا صحیح طریقہ اور سلیقہ مندی کی باتیں سمجھانے پر

# مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر Humsafar قابل ستائش وصد ہا مرحبا

مؤرخہ ۲، ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ مطابق 19، اکتوبر بروز جمعۃ المبارک 2012ء کو ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوا، جس میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں حضرت فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ازدواجی زندگی گذارنے کے دوران میاں بیوی میں سے کوئی بیمار پڑ جانے پر علاج و معالجہ، خدمت، تیمارداری اور مزاج پرسی کے متعلق اخلاقی تعلیمات اور سلیقہ مندی کی باتیں بیان فرمائی۔ وہ بہت ہی مفید، سبق آموز اور سماج میں بہترین تبدیلی لانے والی باتیں تھیں۔

عیادت یا تیمارداری کا ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ جو تکلیف یا غم میں مبتلا ہے، اس کو تسلی دی جائے اور اس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا جائے، تاکہ اس کا غم ہلکا ہو جائے، اس کے دل کو راحت اور سکون ملے۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اب ان عظیم اخلاقی تعلیمات کو بھی بُری رسومات سے ملوث کیا گیا۔ جس کی وجہ سے نہ صرف بیمار کو بلکہ اس کے گھر والوں، ڈاکٹر صاحبان اور ہسپتال کے پورے سٹاف کو اذیت اور تکلیف دی جاتی ہے۔ دل تنگ ہو جاتا ہے، بسا اوقات اذیت دینے والوں کے لئے دعائے خیر کے بجائے دل سے بددعا بھی نکلتی ہوگی۔

اگر بُری رسومات کے بغیر بیمار کی تیمارداری کرنے کا وہ طریقہ اور سلیقہ عمل میں لایا جائے، جو ہمسفر کے ریڈیو پروگرام کے ذریعے ہم تک پہنچ رہا ہے، تو کتنی سہولت ہوگی، اور کتنے لوگوں کو راحت ہوگی، اور پھر خود کو کتنا بڑا ثواب ملے گا، اور کتنے بڑے گناہ یعنی کسی کو ناحق اور بلاوجہ شرعی تکلیف اور ایذا پہنچانے سے محفوظ ہو جائیں گے۔

میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے متکلم جناب حضرت فیاض احمد زرو صاحب کو ازدواجی زندگی اور معاشرے کے حالات کو سدھارنے کے لئے اتنا مفید اور شاندار بیان فرمانے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مرحبا پیش کرتا ہوں۔ ساتھ ہی میں ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر صاحب، پروگرام کے میزبان جناب رشید نظامی صاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی میڈم ڈائریکٹر صاحبہ کا بہت ہی شکر گزار ہوں کہ وہ ہمارے لئے ایسا مفید پروگرام تیار کرتے ہیں۔

آخر پر میں پُرزور گزارش کرتا ہوں کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے ایسے بہت ہی زیادہ مفید شماروں کو بار بار نشر کیا جائے، تاکہ معاشرے میں زیادہ سے زیادہ سدھار آجائے۔ (عربی کا مقولہ ہے: اِذَا تَکَرَّرَ الکلامُ عَلَی السّمعِ تَقَرَّرَ فِی القَلبِ: یعنی جب بات بار بار کان میں پڑتی ہے تو وہ دل میں جگہ کرتی ہے)۔ فجزاکم اللّٰہ تعالیٰ خیرا

**محمد عمران میر تلگامی**

پروردہ از: جامعہ دارالعلوم سوپور کشمیر موبائل فون نمبر: 9469111002

**AFTAB 23 OCTOBER 2012**

# عیادت (تیمارداری) کا صحیح طریقہ اور سلیقہ مندی کی باتیں سمجھانے پر

## مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر Humsafar قابل ستائش وصد ہا مرحبا

مؤرخہ ۲، ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ مطابق 19، اکتوبر بروز جمعۃ المبارک 2012ء کو ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوا، جس میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں حضرت فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ازدواجی زندگی گذارنے کے دوران میاں بیوی میں سے کوئی بیمار پڑ جانے پر علاج و معالجہ، خدمت، تیمارداری اور مزاج پرسی کے متعلق اخلاقی تعلیمات اور سلیقہ مندی کی باتیں بیان فرمائی۔ وہ بہت ہی مفید، سبق آموز اور سماج میں بہترین تبدیلی لانے والی باتیں تھیں۔

عیادت یا تیمارداری کا ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ جو تکلیف یا غم میں مبتلا ہے، اس کو تسلی دی جائے اور اس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا جائے، تاکہ اس کا غم ہلکا ہو جائے، اس کے دل کو راحت اور سکون ملے۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اب ان عظیم اخلاقی تعلیمات کو بھی بُری رسومات سے ملوث کیا گیا۔ جس کی وجہ سے نہ صرف بیمار کو بلکہ اس کے گھر والوں، ڈاکٹر صاحبان اور ہسپتال کے پورے سٹاف کو اذیت اور تکلیف دی جاتی ہے۔ دل تنگ ہو جاتا ہے، بسا اوقات اذیت دینے والوں کے لئے دعائے خیر کے بجائے دل سے بددعا بھی نکلتی ہوگی۔

اگر بُری رسومات کے بغیر بیمار کی تیمارداری کرنے کا وہ طریقہ اور سلیقہ عمل میں لایا جائے، جو ہمسفر کے ریڈیو پروگرام کے ذریعے ہم تک پہنچ رہا ہے، تو کتنی سہولت ہوگی، اور کتنے لوگوں کو راحت ہوگی، اور پھر خود کو کتنا بڑا ثواب ملے گا، اور کتنے بڑے گناہ یعنی کسی کو ناحق اور بلاوجہ شرعی تکلیف اور ایذا پہنچانے سے محفوظ ہو جائیں گے۔

میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے متکلم جناب حضرت فیاض احمد زرو صاحب کو ازدواجی زندگی اور معاشرے کے حالات کو سدھارنے کے لئے اتنا مفید اور شاندار بیان فرمانے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مرحبا پیش کرتا ہوں۔ ساتھ ہی میں ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب، پروگرام کے میزبان جناب رشید نظامی صاحب اور ریڈیو کشمیر سرینگر کی میڈم ڈائریکٹر صاحبہ کا بہت ہی شکرگزار ہوں کہ وہ ہمارے لئے ایسا مفید پروگرام تیار کرتے ہیں۔

آخر پر میں پُرزور گزارش کرتا ہوں کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے ایسے بہت ہی زیادہ مفید شماروں کو بار بار نشر کیا جائے، تاکہ معاشرے میں زیادہ سے زیادہ سدھار آجائے۔ (عربی کا مقولہ ہے: إِذَا تَكَرَّ الْكَلَامُ عَلَى السَّمْعِ تَقَرَّ فِي الْقَلْبِ: یعنی جب بات بار بار کان میں پڑتی ہے تو وہ دل میں جگہ کرتی ہے)۔

فجزاکم اللہ تعالیٰ خیرا

محمد عمران میر تلگامی، پروردہ از: جامعہ دارالعلوم سوپور کشمیر
موبائل فون نمبر 9469111002

Aftab (23/oct/2012)

**RISING KASHMIR 23 OCTOBER 2012**

# EID-UL-AZHA HOLIDAY

On the eve of Eid-ul-Azha, the office of Humsafar Marriage Counselling Cell will remain closed from 25 October 2012, Thursday to 30 November 2012, Tuesday. The office will start routine work from 31 October 2012, Wednesday Insha-Allah

To perform Nikah of your Kiths and Kins according to Islamic Shariah in a simplest, and austere mode, contact Humsafar Marriage Counselling Cell, Kak-Sarai, Karan Nagar, Srinagar. Cell No. 9419439786.

(Rising Kashmir 23/oct/2012)

Issued by

Advisor,

Humsafar Marriage Counselling Cell.

**KASHMIR TIMES 23 OCTOBER 2012**

# HUMSAFAR MARRIAGE COUNSELLING CELL

KAK-SARAI, KARAN NAGAR, SRINAGAR

Ref. No.HMCC/C/03 Dated: - HMCC/21/10/2012

## EID -UL-AZHA HOLIDAY

On the eve of Eid-ul-Azha, the office of Humsafar Marriage Counselling Cell will remain closed from 25 October 2012, Thursday to 30 November 2012, Tuesday. The office will start routine work from 31 October 2012, Wednesday Insha-Allah.

To perform Nikah of your Kiths and Kins according to Islamic Shariah in a simplest, and austere mode, contact Humsafar Marriage Counselling Cell, Kak-Sarai, Karan Nagar, Srinagar. Cell No. 9419439786.

**Sd/-**
**Issued by**
**Advisor**
**Humsafar Mamage Counselling Cell.**

(Kashmir Times
23/oct/2012)

**AFTAB 24 OCTOBER 2012**

## سادہ شادی برکتوں والی۔ مہنگی شادی فتنوں والی

# عیدالاضحیٰ کی تعطیلات

عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی تعطیلات مؤرخہ 25 اکتوبر 2012ء جمعرات سے 30 اکتوبر 2012ء منگلوار تک ہوں گی۔ مؤرخہ 31 اکتوبر 2012ء بدھوار کو ادارہ اپنے اوقات کے مطابق اپنا معمول کا کام کرنا شروع کردے گا۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

اپنے عزیز واقارب کا نکاح شریعت کے مطابق آسان اور سادگی کے ساتھ انجام دینے کے لئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے کرن نگر سرینگر سے رابطہ قائم کریں۔فون:۔ 9419439786

جاری کردہ: ایڈوائزر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

(Aftab 24/10/2012)

**KASHMIR UZMA 24 OCTOBER 2012**

# فضول خرچی، خرافات اور ظالمانہ رسومات سے نجات دلانے پر

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

نکاح اور شادی کو سہل اور آسان بنانے کے لئے کشمیر میں جو جدوجہد ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے شروع کی گئی ہے، اس کی برکت سے لڑکوں اور لڑکیوں کے والدین کو فضول خرچی، خرافات اور ظالمانہ رسومات انجام دینے سے نجات مل رہی ہے۔ بڑے بڑے ٹینشن اور پریشانیاں دور ہورہی ہیں۔ جہیز کا مطالبہ ختم ہورہا ہے۔ سینکڑوں افراد پر مشتمل دولہا کی بارات کو وازوان کا کھانا کھلانے کی ظالمانہ رسم اب چند افراد کو قہوہ کی ایک پیالی پلانے میں تبدیل ہورہی ہے۔ لڑکے والے مہر کی پوری مقدار نقد نکاح مجلس میں ادا کرنے لگے ہیں۔ دولہنوں کو شرعی پردہ کے اندر سسرال رخصت ہونے کا جذبہ پیدا ہونے لگا ہے۔ شوہر اپنی بیویوں کے سارے حقوق خوش دلی کے ساتھ ادا کرنے لگے ہیں۔ سسرال میں خوشدامن اور نندیں اپنی بہوؤں اور بھابیوں کے ساتھ حسن اخلاق کا مظاہرہ کرنے لگی ہیں۔

ہمسفر ادارہ کے اصلاحی کام کی ایک اور بہت بڑی برکت وہ ریڈیو پروگرام ہے، جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ جس میں اس مقدس ادارہ کے سربراہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب سبق آموز، بہت ہی مفید اور علمی بیانات فرماتے ہیں۔ اس ریڈیو پروگرام نے پوری وادی کشمیر میں اصلاح معاشرہ کا ایک ایسا عظیم الشان کام انجام دیا ہے جس سے کشمیر کے لاکھوں لوگوں کو فائدہ پہنچ گیا ہے۔ اپنی اہلیہ سے ظلم دور کرنے کے لئے جو بات ایک بیٹا اپنے والدین سے یا اپنی بہن سے گھر میں نہیں کہہ پارہا تھا وہ بات ہمسفر ریڈیو پروگرام کی برکت سے والدین تک پہنچ رہی ہے۔ معاشرے کی بہتری کے لئے اتنا مفید، شاندار اور دلچسپ ریڈیو پروگرام تیار کرنے والے جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب بھی قابل مرحبا اور مبارک بادی کے مستحق ہیں۔

Kashmir Uzma (24/oct/2012)

ہماری دعا ہے کہ رب العالمین کشمیر کے سارے لوگوں کو نیک باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا کرے، اور شادیوں سے بری رسومات اور دیگر غیر شرعی کاموں سے پرہیز کرنے کی توفیق اور ہمت عطا کرے، اور محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا کرے، آمین۔

**منجانب: نذیر احمد شاہ، عبدالرشید خان اور دیگر اہل خانہ علمدار بستی چرار شریف کشمیر**

**SRINAGAR TIMES 24 OCTOBER 2012**

# سادہ شادی برکتوں والی، مہنگی شادی فتنوں والی

## عید الاضحیٰ کی تعطیلات

عید الاضحیٰ کے موقع پر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی تعطیلات مورخہ ۲۵، اکتوبر ۲۰۱۲ء جمعرات سے ۳۰، اکتوبر ۲۰۱۲ء منگلوار تک ہوں گی۔ مورخہ ۳۱، اکتوبر ۲۰۱۲ء بدھوار کو ادارہ اپنے اوقات کے مطابق اپنا معمول کا کام کرنا شروع کردے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اپنے عزیز واقارب کا نکاح شریعت کے مطابق آسان اور سادگی کے ساتھ انجام دینے کیلئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے کرن نگر سرینگر سے رابطہ قائم کریں۔

Srinagar Times
24/oct/
2012

فون نمبر: 9419439786

ایڈوائزر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کرن نگر

**KASHMIR UZMA 24 OCTOBER 2012**

(24/oct/2012)



# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل

## کاک سرائے کرن نگر سرینگر

Ref. No.________ Dated: -________

### سادہ شادی برکتوں والی۔ مہنگی شادی فتنوں والی

### عیدالاضحیٰ کی تعطیلات

عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی تعطیلات مؤرخہ 25 اکتوبر 2012ء جمعرات سے 30 اکتوبر 2012ء منگلوار تک ہوں گی۔ مؤرخہ 31 اکتوبر 2012ء بدھوار کو ادارہ اپنے اوقات کے مطابق اپنا معمول کا کام کرنا شروع کردے گا۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ۔

اپنے عزیز واقارب کا نکاح شریعت کے مطابق آسان اور سادگی کے ساتھ انجام دینے کے لئے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے کرن نگر سرینگر سے رابطہ قائم کریں۔ فون:۔ [illegible]19439786

جاری کردہ ایڈوائزر ہمسفر میریج کونسلنگ سیل

**AFTAB 25 OCTOBER 2012**

# فضول خرچی، خرافات اور ظالمانہ رسومات سے نجات دلانے پر

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

نکاح اور شادی کو سہل اور آسان بنانے کے لئے کشمیر میں جو جدوجہد ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے شروع کی گئی ہے، اس کی برکت سے لڑکوں اور لڑکیوں کے والدین کو فضول خرچی، خرافات اور ظالمانہ رسومات انجام دینے سے نجات مل رہی ہے۔ بڑے بڑے ٹینشن اور پریشانیاں دور ہو رہی ہیں۔ جہیز کا مطالبہ ختم ہو رہا ہے۔ سینکڑوں افراد پر مشتمل دولہا کی بارات کو وازوان کا کھانا کھلانے کی ظالمانہ رسم اب چند افراد کو قہوہ کی ایک پیالی پلانے میں تبدیل ہو رہی ہے۔ لڑکے والے مہر کی پوری مقدار نقد نکاح مجلس میں ادا کرنے لگے ہیں۔ دولہنوں کو شرعی پردہ کے اندر سسرال رخصت ہونے کا جذبہ پیدا ہونے لگا ہے۔ شوہر اپنی بیویوں کے سارے حقوق خوش دلی کے ساتھ ادا کرنے لگے ہیں۔ سسرال میں خوشدامن اور نندیں اپنی بہوؤں اور بھابیوں کے ساتھ حسن اخلاق کا مظاہرہ کرنے لگی ہیں۔

ہمسفر ادارہ کے اصلاحی کام کی ایک اور بہت بڑی برکت وہ ریڈیو پروگرام ہے، جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ جس میں اس مقدس ادارہ کے سربراہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب سبق آموز، بہت ہی مفید اور علمی بیانات فرماتے ہیں۔ اس ریڈیو پروگرام نے پوری وادی کشمیر میں اصلاح معاشرہ کا ایک ایسا عظیم الشان کام انجام دیا ہے جس سے کشمیر کے لاکھوں لوگوں کو فائدہ پہنچ گیا ہے۔ اپنی اہلیہ سے ظلم دور کرنے کے لئے جو بات ایک بیٹا اپنے والدین سے یا اپنی بہن سے گھر میں نہیں کہہ پا رہا تھا وہ بات ہمسفر ریڈیو پروگرام کی برکت سے والدین تک پہنچ رہی ہے۔ معاشرے کی بہتری کے لئے اتنا مفید، شاندار اور دلچسپ ریڈیو پروگرام تیار کرنے والے جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب بھی قابل مرحبا اور مبارک بادی کے مستحق ہیں۔

ہماری دعا ہے کہ رب العالمین کشمیر کے سارے لوگوں کو نیک باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا کرے، اور شادیوں سے بُری رسومات اور دیگر غیر شرعی کاموں سے پرہیز کرنے کی توفیق اور ہمت عطا کرے، اور محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا کرے، آمین۔

منجانب: نذیر احمد شاہ، عبدالرشید خان اور دیگر اہل خانہ علمدار بستی چرار شریف کشمیر

Aftab (25/Oct/2012)

**GREATER KASHMIR 27 OCTOBER 2012**

Greater Kashmir (27/oct/2012)

# حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب

## آپکی پیشانی کو ہم احترام کا بوسہ دیتے ہیں

ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا جو ریڈیو پروگرام نشر ہوتا ہے ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے جس میں آپ حضرت لعل وموتی بکھیرتے ہیں۔ آپ حضرت کے اِصلاحی کلام سے ہم اندھیروں سے نکل کر نُور کی طرف آتے ہیں۔ جہالت سے نکل کر علم کی طرف آتے ہیں۔ کمینہ گی سے نکل کر شرافت کی طرف آتے ہیں۔ آپ حضرت ریڈیو کشمیر پر انسانیت کا اعلیٰ درس دیتے ہیں۔ آپ حضرت کی پیشانی کو ہم احترام کا بوسہ دیتے ہیں۔

ازطرف: ڈاکٹر نثار احمد خان، محمد اقبال اور دیگر اہل خانہ اور دوست واحباب

حیدرپورہ سرینگر

# KASHMIR UZMA 30 OCTOBER 2012



## میں نے اپنی ماموں کی دلہن کو سونے کا وہ جُھمکا اور سوٹ واپس کر دیا

### جو انہوں نے دباؤ اور شرما حضوری کے تحت سات دنوں کے اندر گفٹ کے نام پر مجھے دیا تھا

میں پہلے اس بات سے بالکل بے خبر تھی کہ ایک نئی نویلی دلہن جو چیزیں اپنے سسرال کے لوگوں میں تحفہ یا گفٹ (Gift) کے نام پر تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرم حضوری کے تحت تقسیم کرتی ہے، کہ کہی سسرال والے یہ طعنہ نہ دیں کہ یہ بالکل کچھ نہیں ساتھ لائی ہے، یہ فقیر والدین کی بیٹی ہے، اس لئے یہ اپنی شادی سستے میں ہی نبھانا چاہتی ہے۔ یہ طعنے اور طنز لڑکی کے دل پر نیزہ، چاقو، تیر اور گولی سے بھی سخت دردناک اور جگر کو پارہ پارہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ اس ذہنی ٹارچر سے بچنے کے لئے ایک دلہن سسرال میں خاص کر شادی کے پہلے سات دنوں میں قیمتی سامان اور چیزیں بخشائش اور گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے۔

جس روز سے میں نے اِسلامک دعوت سینٹر (IDC) باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کے تعلیمی، اصلاحی اور تربیتی کلاسوں میں جانا شروع کر دیا ہے، اس دن سے میں یہ بات سمجھنے کے قابل ہونے لگی، کہ کسی انسان کا مال باطل طریقے سے کھانے کے کیا کیا حیلے اور بہانے لوگوں نے نکالے ہیں۔ اسی میں سے یہ بات بھی میرے سمجھ میں آگئی، کہ ایک دلہن جو چیزیں بخشائش، تحفہ یا گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرما شرمی میں تقسیم کی جاتی ہے۔ حدیث شریف کے مطابق اس طرح لینے والے کے لئے وہ چیز حرام ہو جاتی ہیں۔ اور حرام مال اس کے مالک کو واپس کرنا ضروری ہوتا ہے، ورنہ حرام مال لینے والے کو قیامت کے دن نار جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی پناہ۔

آج سے چار سال پہلے جب میرے ماموں جان کی شادی ہوئی، تو میرے ماموں کی دلہن نے بھی سسرال آکر قیمتی چیزیں تقسیم کی۔ جن میں سے اس نے مجھے سونے کا ایک بڑا جُھمکا اور ایک سوٹ گفٹ کا نام پر دیا۔ علم دین کے نور سے اور اسلامک دعوت سینٹر کی تربیت اور تقویٰ سے میں دنیا کی اس جہالت سے نکل آئی، جس نے مجھے نار جہنم کے راستے پر لگا دیا تھا۔ میں فوراً سونے کا یہ جھمکا اور سوٹ لے کر اپنی ممیری بھابی کے پاس آگئی، اور ان سے پوچھا کہ سچ سچ بتائیں کہ جو چیزیں شادی کے سات دنوں میں انہوں نے تقسیم کی ہیں، وہ دل کی خوشی سے اور رضامندی سے تقسیم کی ہیں یا کسی دباؤ اور شرما شرمی میں؟ بھابی جان کی آنکھوں میں آنسو آگئے، پھر کہا کہ واقعی وہ چیزیں انہوں نے سسرال کے لوگوں کے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کر دی ہیں۔ میں نے انہیں تفصیل کے ساتھ یہ شرعی مسئلہ سمجھا دیا کہ دل کی رضامندی کے بغیر دباؤ کے تحت دی جانے والی چیز لینے والے کے لئے ہمیشہ حرام رہتی ہے۔ ایسی چیز کا واپس کرنا لازمی ہوتا ہے۔ اس پر میں نے انہیں سونے کا وہ جھمکا اور سوٹ واپس کر دیا جو انہوں نے مجھے بخشائش کے نام پر دیا تھا۔ انہوں نے خوشی سے اپنی چیزیں واپس لے لیں، اور مجھے بہت نیک دعائیں دیں۔

میں اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر صاحب دامت برکاتہم کی بہت ہی شکر گزار ہوں کہ ان کے عظیم ادارے کی تعلیم و تربیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے حرام مال کھانے سے بچنے کی توفیق عطا فرمائی۔ آخر پر میں ایسے تمام لوگوں سے گزارش کرتی ہوں کہ جنہوں نے اس طرح کی چیزیں دلہنوں سے، خواتین سے یا کسی اور شخص سے لی ہیں، جو انہوں نے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کی ہیں، کہ وہ چیزیں انہیں واپس کریں، اور نار جہنم کا ایندھن بننے سے اپنے آپ کو بچائیں۔

امۃ السمیع میر۔ عیدگاہ سرینگر۔ فون نمبر: 9906442583

# AFTAB 30 OCTOBER 2012

Aftab (30/oct/2012)

## میں نے اپنی ماموں کی دلہن کو سونے کا وہ جُھمکا اور سوٹ واپس کر دیا

### جو انہوں نے دباؤ اور شرما حضوری کے تحت سات دنوں کے اندر گفٹ کے نام پر مجھے دیا تھا

میں پہلے اس بات سے بالکل بے خبر تھی کہ ایک نئی نویلی دلہن جو چیزیں اپنے سسرال کے لوگوں میں تحفہ یا گفٹ (Gift) کے نام پر تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرم حضوری کے تحت تقسیم کرتی ہے، کہ کہی سسرال والے یہ طعنہ نہ دیں کہ یہ بالکل کچھ نہیں ساتھ لائی ہے، یہ فقیر والدین کی بیٹی ہے ،اس لئے یہ اپنی شادی سستے میں ہی نبھانا چاہتی ہے۔ یہ طعنے اور طنز لڑکی کے دل پر نیزہ، چاقو، تیر اور گولی سے بھی سخت دردناک اور جگر کو پارہ پارہ کرنے والے ہوتے ہیں۔اس ذہنی ٹارچر سے بچنے کے لئے ایک دلہن سسرال میں خاص کر شادی کے پہلے سات دنوں میں قیمتی سامان اور چیزیں بخشائش اور گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے۔ جس روز سے میں نے اسلامک دعوت سینٹر (IDC) باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کے تعلیمی، اصلاحی اور تربیتی کلاسوں میں جانا شروع کر دیا ہے، اس دن سے میں یہ بات سمجھنے کے قابل ہونے لگی، کہ کسی انسان کا مال باطل طریقے سے کھانے کے کیا کیا حیلے اور بہانے لوگوں نے نکالے ہیں۔ اسی میں سے یہ بات بھی میرے سمجھ میں آ گئی، کہ ایک دلہن جو چیزیں بخشائش، تحفہ یا گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرما شرمی میں تقسیم کی جاتی ہے۔حدیث شریف کے مطابق اس طرح لینے والے کے لئے وہ چیز حرام ہو جاتی ہیں۔اور حرام مال اس کے مالک کو واپس کرنا ضروری ہوتا ہے، ورنہ حرام مال لینے والے کو قیامت کے دن نار جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔اللہ تعالیٰ کی پناہ۔ آج سے چار سال پہلے جب میرے ماموں جان کی شادی ہوئی، تو میرے ماموں کی دلہن نے بھی سسرال آ کر قیمتی چیزیں تقسیم کی۔ جن میں سے اس نے مجھے سونے کا ایک بڑا جھمکا اور ایک سوٹ گفٹ کا نام پر دیا۔علم دین کے نور سے اور اسلامک دعوت سینٹر کی تربیت اور تقویٰ سے میں دنیا کی اس جہالت سے نکل آئی، جس نے مجھے نار جہنم کے راستے پر لگا دیا تھا۔میں فوراً سونے کا یہ جھمکا اور سوٹ لے کر اپنی میری بھابی کے پاس آ گئی، اور ان سے پوچھا کہ سچ سچ بتائیں کہ جو چیزیں شادی کے سات دنوں میں انہوں نے تقسیم کی ہیں، وہ دل کی خوشی سے اور رضامندی سے تقسیم کی ہیں یا کسی دباؤ اور شرما شرمی میں؟ بھابی جان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے، پھر کہا کہ واقعی وہ چیزیں انہوں نے سسرال کے لوگوں کے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کر دی ہیں۔ میں نے انہیں تفصیل کے ساتھ یہ شرعی مسئلہ سمجھا دیا کہ دل کی رضامندی کے بغیر دباؤ کے تحت دی جانے والی چیز لینے والے کے لئے ہمیشہ حرام رہتی ہے۔ایسی چیز کا واپس کرنا لازمی ہوتا ہے۔اس پر میں نے انہیں سونے کا وہ جھمکا اور سوٹ واپس کر دیا جو انہوں نے مجھے بخشائش کے نام پر دیا تھا۔انہوں نے خوشی سے اپنی چیزیں واپس لے لیں، اور مجھے بہت نیک دعائیں دیں۔

میں اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر صاحب دامت برکاتہم کی بہت ہی شکر گزار ہوں کہ ان کے عظیم ادارے کی تعلیم و تربیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے حرام مال کھانے سے بچنے کی توفیق عطا فرمائی۔ آخر پر میں ایسے تمام لوگوں سے گزارش کرتی ہوں کہ جنہوں نے اس طرح کی چیزیں دلہنوں سے، خواتین سے یا کسی اور شخص سے لے لی ہیں، جو انہوں نے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کی ہیں، کہ وہ چیزیں انہیں واپس کریں، اور نار جہنم کا ایندھن بننے سے اپنے آپ کو بچائیں۔

امۃ السمیع میر۔عیدگاہ سرینگر ۔فون نمبر:9906442583

# SRINAGAR TIMES 30 OCTOBER 2012

SRINAGAR TIMES
srinagar: 30-October-2012

## ہمسفر کی طرف سے عرفہ کے روز بھی ایک سادہ شادی انجام دی گئی

### بغیر رسومات نکاح اور شادی انجام دینا آسان/ والدین دولہا ودولہن

سرینگر/ جنرل سیکریٹری لطیف احمد کے مطابق آسان نکاح اور سادہ شادی کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے عرفہ کے دن 26 ،اکتوبر 2012ء کو نماز عصر کے وقت ایک نکاح مجلس کا اِنعقاد اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالاچھتہ بل میں ہوا۔ جس میں ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو نے ایک مختصر بیان میں فرمایا کہ عرفہ کے دن مسلمان کو مصروفیات کی وجہ سے نکاح اور شادی انجام دینے کے لئے فارغ نہیں ہوتے۔ مگر نکاح اور شادی کو اسلامی شریعت کی سہولت کے تحت انجام دینا عرفہ جیسے مصروف ترین بھی تنگی کے ممکن ہے۔ نکاح مجلس میں معرفت صدیق وار (سنوار سرینگر) کا نکاح محترمہ طاہرہ صاحبہ دختر عبدالمالک صوفی (ڈلگیٹ) کے ساتھ پڑھا گیا۔ حاضرین مجلس میں کھجوریں تقسیم کی گئیں۔ سارے مہمانوں کی خاطر تواضع چائے کی ایک پیالی سے کی گئی۔ اس موقع پر دولہا اور دولہن کے والدین نے بتایا کہ وہ اپنی اولاد کا نکاح اور شادی سادہ طریقہ سے انجام دینے پر خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رسومات اور خرافات کے بغیر نکاح اور شادی انجام دینا بہت ہی آسان ہوتا ہے۔ مگر اس قسم کا سادہ اور شرعی طریقہ اپنانے پر لوگوں کو آمادہ کرنا آسان بھی نہیں ہے۔ یہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل جیسے عظیم الشان ادارہ کی جدوجہد اور فیاض احمد زرو صاحب کی اصلاحی عمل کی برکت ہے کہ اب ہر قسم کے لوگ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں پورے شرعی احکام کے تحت اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے خوشی خوشی تیار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہمسفر پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے براڈکاسٹ ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرا ہیں۔ اس پروگرام نے گھر گھر میں شاندار اور بہت اچھی تبدیلی لائی ہے۔ اور ہر کوئی یہ پروگرام سنتا ہے۔ حاضرین مجلس نے دولہا دولہن کے والدین کو اپنی اولاد کی شادی سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے پر مبارک باد پیش کی۔ دولہن شرعی پردہ کے اندر اپنے دولہا کے ساتھ اسلامک دعوت سینٹر سے ہی سسرال روانہ ہوگئی۔

**AFTAB 30 OCTOBER 2012**

# ہمسفر کی طرف سے عرفہ کے روز بھی ایک سادہ شادی انجام دی گئی

## رسومات اور خرافات کے بغیر نکاح اور شادی انجام دینا بہت ہی آسان ہوتا ہے: دولہا اور دولہن کے والدین

آسان نکاح اور سادہ شادی کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرایے کی طرف سے عرفہ کے دن یعنی 26، اکتوبر 2012ء کو نمازِ عصر کے وقت ایک نکاح مجلس کا انعقاد اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل میں ہوا۔ جس میں ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ایک مختصر بیان فرمایا۔ جس میں انہوں نے فرمایا کہ عرفہ کے دن میں ہر مسلمان کو اتنی زیادہ مصروفیات ہوتی ہیں، جس میں نکاح اور شادی انجام دینے کے لئے اپنے آپ کو فارغ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ مگر جب نکاح اور شادی کو اسلامی شریعت کی عطا کردہ آسانی اور سہولت کے تحت انجام دیا جائے، تو پھر عرفہ جیسے مصروف ترین اور مشغول دن کے اندر بھی نکاح اور شادی انجام دینا بغیر کسی تنگی کے ممکن ہو جاتا ہے۔ اس نکاح مجلس میں جناب معرفت صدیق وار (سنوار سرینگر) کا نکاح محترمہ طاہرہ صاحبہ دختر عبدالمالک صوفی (ڈلگیٹ) کے ساتھ پڑھا گیا۔ حاضرین مجلس میں کھجوریں تقسیم کی گئیں۔ سارے مہمانوں کی خاطر تواضع چائے کی ایک پیالی سے کی گئی۔ اس موقع پر دولہا اور دولہن کے والدین نے حاضرین مجلس کو بتایا کہ وہ اپنی اولاد کا نکاح اور شادی اس طرح سادہ طریقہ پر انجام دینے پر بہت خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رسومات اور خرافات کے بغیر نکاح اور شادی انجام دینا بہت ہی آسان ہوتا ہے۔ مگر اس قسم کا سادہ اور شرعی طریقہ اپنانے پر لوگوں کو آمادہ کرنا آسان بھی نہیں ہے۔ یہ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل جیسے عظیم الشان ادارہ کی جدوجہد اور حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب کی اصلاحی عمل کی برکت ہے کہ اب ہر قسم کے لوگ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں پورے شرعی احکام کے تحت اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے خوشی خوشی تیار ہو رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہمسفر پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے براڈکاسٹ ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس پروگرام نے گھر گھر میں شاندار اور بہت اچھی تبدیلی لائی ہے۔ لوگوں نے یہ پروگرام سننے کے لئے بازار سے نئے ریڈیو سیٹ خرید لئے ہیں۔ ہر چھوٹا بڑا ہمسفر ریڈیو پروگرام کا عاشق بن گیا ہے۔

آخر پر حاضرین مجلس نے دولہا دولہن کے والدین کو اپنی اولاد کی شادی سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے پر مبارک باد پیش کی۔ اس کے بعد دولہن شرعی پردہ کے اندر اپنے دولہا کے ساتھ اسلامک دعوت سینٹر سے ہی سسرال روانہ ہو گئی۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

(Aftab 30/oct/2012)

**SRINAGAR TIMES 31 OCTOBER 2012**

# میں نے اپنی ماموں کی دلہن کو سونے کا جھمکا اور سوٹ واپس کیا

## جو انہوں نے دباؤ اور شرم کے تحت سات دنوں کے اندر گفٹ کے نام پر مجھے دیا تھا

سرینگر/میں اس بات سے بے خبر تھی کہ ایک نئی دلہن جو چیزیں اپنے سسرال والوں میں تحفہ یا گفٹ (Gift) کے طور تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرم کے تحت کرتی ہے۔ تاکہ دلہن کو فقیر والدین کی بیٹی نہ کیا جائے۔ سسرال والوں کے یہ طعنے لڑکی کے دل جگر کو پارہ پارہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ اس ذہنی ٹارچر سے بچنے کے لئے ایک دلہن سسرال میں خاص کر شادی کے پہلے سات دنوں میں قیمتی سامان اور چیزیں بخشائش اور گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے۔ جس روز سے میں نے اسلامک دعوت سینٹر (IDC) باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کے تعلیمی، اصلاحی اور تربیتی کلاسوں میں جانا شروع کر دیا ہے، اس دن سے میں یہ بات سمجھنے کے قابل ہوئی کہ کسی انسان کا مال غلط طریقے سے کھانے کے کیا کیا بہانے لوگوں نے نکالے ہیں۔ اسی میں سے یہ بات بھی میرے سمجھ میں آ گئی، کہ ایک دلہن جو چیزیں بخشائش، تحفہ یا گفٹ کے نام پر اپنے سسرال کے لوگوں میں تقسیم کرتی ہے، وہ اکثر دباؤ اور شرم میں کرتی ہے۔ حدیث شریف کے مطابق اس طرح کی لین دین کی خیر نہیں وہ چیز حرام ہو جاتی ہیں۔ حرام مال لینے والے کو قیامت کے دن نار جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ پناہ دے۔ آج سے چار سال پہلے جب میرے ماموں جان کی شادی ہوئی، تو میرے ماموں کی دلہن نے بھی سسرال آکر قیمتی چیزیں تقسیم کیں، جن میں سے اس نے مجھے سونے کا ایک بڑا جھمکا اور ایک سوٹ گفٹ دیا۔ علم دین کے نور سے اور اسلامک دعوت سینٹر کی تربیت اور تقویٰ سے میں دنیا کی اس جہالت سے نکل آئی، جس نے مجھے نار جہنم کے راستے پر لگا دیا تھا۔ میں فوراً سونے کا یہ جھمکا اور سوٹ لے کر اپنی ممیری بھابی کے پاس آ گئی، اور پوچھا کہ جو چیزیں شادی کے سات دنوں میں انہوں نے تقسیم کی ہیں، وہ دل کی خوشی سے تقسیم کی ہیں یا کسی دباؤ اور شرما شرمی میں؟ بھابی جان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے، پھر کہا کہ واقعی وہ چیزیں انہوں نے سسرال کے لوگوں کے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کر دی ہیں۔ میں نے انہیں تفصیل کے ساتھ یہ شرعی مسئلہ سمجھا دیا کہ دل کی رضامندی کے بغیر دباؤ کے تحت دی جانے والی چیز لینے والے کے لئے ہمیشہ حرام رہتی ہے۔ ایسی چیز کا واپس کرنا لازمی ہوتا ہے۔ میں نے انہیں سونے کا وہ جھمکا اور سوٹ واپس کر دیا جو انہوں نے مجھے بخشائش کے نام پر دیا تھا۔ انہوں نے خوشی سے اپنی چیزیں واپس لے لیں، اور مجھے بہت نیک دعائیں دیں۔ میں اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر صاحب دامت برکاتہم کی بہت ہی شکر گزار ہوں کہ ان کے عظیم ادارے کی تعلیم و تربیت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے حرام مال کھانے سے بچنے کی توفیق عطا فرمائی۔ میں ایسے تمام لوگوں سے گزارش کرتی ہوں کہ جنہوں نے اس طرح کی چیزیں دلہنوں سے، خواتین سے یا کسی اور شخص سے دباؤ اور شرما حضوری کی وجہ سے تقسیم کی ہیں، وہ چیزیں انہیں واپس کریں، اور نار جہنم کا ایندھن سے بچائیں۔

# GREATER KASHMIR 31 OCTOBER 2012

# ہمسفر ریڈیو پروگرام سے ہمارے بیماروں کو بھی راحت ملی

## ہم یہ مفید پروگرام بار بار سننا چاہتے ہیں

ریڈیو کشمیر سرینگر سے براڈ کاسٹ ہونے والے مقبول عام سماجی پروگرام ہمسفر کے دوشمارے جو 19 اکتوبر اور 26 اکتوبر 2012ء کو بالترتیب صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوئے، جن میں ازدواجی زندگی میں بیماری اور علاج ومعالجہ کے احکام، تیمارداری کے اخلاق اور شفا کی حقیقت پر مبنی بہت ہی مفید اور مؤثر کلام جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی زبان سے سننا نصیب ہوا۔ ہمارے گھر میں دو بیمار ایسے ہیں جن کی بیماری کو ڈاکٹروں نے نازک قرار دیا ہے۔ ان دونوں بیماروں نے بھی ہمسفر پروگرام کے مذکورہ دوشمارے بڑی دلچسپی کے ساتھ سماعت کئے۔ پروگرام سننے کے بعد ان کی حالت نصف ٹھیک ہوگئی۔ ان کی ہمت بڑھ گئی، اور بیمار پڑنا ان کو اب دشوار نہیں لگتا۔ وہ خود کہہ رہے ہیں، کہ اس ریڈیو پروگرام سے انہیں کافی راحت ملی ہے، اور وہ اب کافی ٹھیک محسوس کر رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہمسفر کے یہ دوشمارے ریڈیو سے ایک بار پھر نشر ہوں۔

اس لئے ہم اس پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کو اپیل کرتے ہیں، کہ مذکورہ بالا ہمسفر پروگرام کے دوشمارے مستقبل قریب میں دوبارہ نشر کریں۔ وہ آں جناب کی نوازش ہوگی۔

**اپیل کنندگان: معراج الدین خان، ریاض احمد خان اور دیگر اہل خانہ**

ناگہ بل گاندربل کشمیر۔ فون نمبر: 9796523180

(Greater Kashmir
31/Oct/2012)